آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب میں ایم کیو ایم کے امیدوار سلیم بٹ کی کامیابی اس حقیقت کا کھلا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم ایک قومی جماعت ہے۔اراکین صوبائی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی ۔۔۔25، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کشمیریوں سمیت ملک کے تمام محروم عوام کی جماعت بن چکی ہے اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب میں ایم کیو ایم کے امیدوار سلیم بٹ کی کامیابی اس حقیقت کا کھلا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم ایک قومی جماعت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے سلیم بٹ کی کامیابی اور ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی آزاد کشمیر کابینہ میں شمولیت پر آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے محروم ومظلوم عوام کو مبارکباد پیش کی اور اس کامیابی کو حق پرست قیادت کی عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی کاوشوں کا مظہر قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سمیت آزاد کشمیر کے اٹھانوے فیصد مظلوم ومحروم عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور اس جماعت کے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں دو حق پرست اراکین اسمبلی کی جانب سے اہم حکومتی منصب کا حلف لینا متحدہ قومی موومنٹ کی آزاد کشمیر میں عوامی پذیرائی کو صاف ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کشمیر کے مسئلہ کا حل کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق چاہتی ہے اور اس سلسلے میں ایم کیو ایم اپنی حق پرستانہ جدوجہد جاری رکھے گی۔انہوں نے سلیم بٹ اور محمد طاہر کھوکھر پر زور دیا کہ وہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرستانہ جدوجہد جاری رکھیں اور کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں استعمال کریں۔

لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست کونسلر اور نارتھ کراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔25/جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لانڈھی ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست کونسلر محمد جمیل کے بھائی محمد اسماعیل اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے بزرگ کارکن شہزاد کی والدہ محترمہ سروری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆